## نبی کریمؐ کی تعلیمات پر عمل کر کے ہی پوری دنیا کو امن کا گہوارہ بنایا جاسکتا ہے، الطاف حسین

## اللہ تعالیٰ نے سرکار دوعالم حضرت محمد مصطفیؐ کو تمام عالمین کیلئے رحمت اور محسن انسانیت بنا کر بھیجا

## سرکار دوعالمؐ کی رحمت جن وانسان، شجر وحجر اور جانوروں پر بھی سایہ فگن ہے

## عناصر شریعت کے نام پر انتہاء پسندی کا مظاہرہ کر کے غیر مسلموں، مخالف عقائد کے ماننے والوں اور خواتین کو ظلم تشدد کا نشانہ بنا رہے ہیں وہ سرکار دوعالمؐ کی تعلیمات کی صریحاً خلاف ورزی کر رہے ہیں

## پاکستان سمیت دنیا بھر کے مسلمانوں کو نبی آخر الزماں حضرت محمد مصطفیؐ کے یوم ولادت کی دلی مبارکباد

لندن۔۔۔9، مارچ 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر کے مسلمانوں کو نبی آخر الزماں حضرت محمد مصطفیؐ کے یوم ولادت کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ نبی کریمؐ کی تعلیمات پر عمل کر کے ہی پوری دنیا کو امن کا گہوارہ بنایا جاسکتا ہے۔جشن عید میلا دالنبیؐ کے موقع پر اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے سرکار دوعالم حضرت محمد مصطفیؐ کو تمام عالمین کیلئے رحمت اور محسن انسانیت بنا کر بھیجا اور نبی کریمؐ کی حیات طیبہ دنیا بھر کے انسانوں کیلئے مشعل راہ ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ سرکار دوعالمؐ کی رحمت جن وانسان، شجر وحجر اور جانوروں پر بھی سایہ فگن ہے اور جو عناصر شریعت کے نام پر انتہاء پسندی کا مظاہرہ کر کے غیر مسلموں، مخالف عقائد کے ماننے والوں اور خواتین کو ظلم تشدد کا نشانہ بنا رہے ہیں وہ سرکار دوعالمؐ کی تعلیمات کی صریحاً خلاف ورزی کر رہے ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ سرکار دوعالمؐ کی محبت کے بغیر اللہ تعالیٰ سے محبت کا دعویٰ بے معنی ہے اور صرف لا الہ الا اللہ کہنے سے بات نہیں بنتی جب تک انسان محمد رسول اللہ نہ کہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ حضور اکرمؐ سے سچی محبت کا تقاضہ ہے کہ آپؐ کی سیرت طیبہ کے ہر پہلو پر عمل کرتے ہوئے تمام مذاہب، مسالک اور عقائد کے ماننے والوں اور ان کی عبادتگاہوں کا احترام کیا جائے گا اور آپس میں مذہبی رواداری، فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارے کو فروغ دیا جائے۔جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر کے مسلمانوں کو جشن عید میلا دالنبیؐ کی دلی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ وہ ربیع الاول کے مبارک مہینے کا مکمل احترام کریں اور فرقہ واریت کی آگ بھڑکانے والے سازشی عناصر سے ہوشیار رہیں۔

## ایم کیوایم کی جانب سے شہر کے مختلف مقامات پر جشن عید میلا دالنبیؐ کی مبارکباد کے بینرز آویزاں کردیئے گئے

## رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، اراکین اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، امن کمیٹیاں اور علماء کمیٹی کے ارکان مرکزی جلوسوں میں شرکت کریں گے

## نائن زیرو اور اطراف کی گلیوں میں برقی قمقموں سے سجاوٹ

کراچی۔۔۔9، مارچ 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام ماہِ ربیع اول کے موقع پر کراچی کے اہم شاہراہوں، عمارتوں، چوراہوں، اوو ہیڈ برج اور دیگر مقامات جشن عید میلا دالنبیؐ کی مبارکباد کے بینرز لگائے گئے ہیں۔یہ بینرز لیاقت آباد برج، تین ہٹی، شاہ فیصل برج، نیشنل اسٹیڈیم حسن اسکوائر، FTC، شاہراہ فیصل، تبت سینٹر ایم اے جناح روڈ، گل سینٹر ایم اے جناح روڈ اور دوتلوار کلفٹن کے علاوہ دیگر مقامات پر عوام کی خصوصی توجہ کا مرکز بنے ہوئے ہیں۔ایم کیوایم کے تحت جشن عید میلا دالنبیﷺ کے موقع نکلنے والے مرکزی جلوسوں کی گزرگاہوں پر استقبالیہ کیمپ، شربت اور پانی کی سبیلوں کا بھی انعقاد کیا جائے گا جبکہ مرکزی میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، اراکین اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، امن کمیٹیوں کے ارکان کے علاوہ مقامی سیکٹر و یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان بھی شرکت کریں گے۔جشن عید میلا دالنبیﷺ کے سلسلے میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو، ایم پی اے ہاسٹل اور اطراف کی گلیوں کو بھی برقی قمقموں سے سجایا گیا ہے جس کے باعث عزیز آباد کا علاقہ بقعہ نور بنا ہوا ہے۔

## نیازی محلّہ دادوٗ گوٹھ یونین کونسل 3 بلدیہ ٹاؤن کے میانوالی، سندھی اور بلوچ نوجوانوں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کراچی۔۔۔9، مارچ 2009ء

نیازی محلّہ دادوٗ گوٹھ یونین کونسل 3 بلدیہ ٹاؤن کی مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور غریب ومتوسط طبقہ کے غصب شدہ حقوق کے حصول کی عملی جدوجہد سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں گزشتہ روز ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے زیر اہتمام گلستان مزدور یونٹ میں منعقدہ اجتماع میں کیا جس ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم، جوائنٹ انچارج اسلم بلوچ اور رکن معین الدین نے شرکت کی۔ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والوں میں درجنوں میانوالی، سندھی اور بلوچ نوجوان شامل ہیں۔اس موقع پر اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے میانوالی، سندھی اور بلوچ نوجوانوں نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جو ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اورانشاءاللہ ملک بھر کے عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہوکر فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے تابوت میں آخری کیل نصب کردیں گے۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم نے کہا کہ ایم کیوایم سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے اورایم کیوایم کی جمہوریت پسندی کو آج دنیا بھر میں سراہا جارہا ہے۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے اسلم بلوچ اورسید معین الدین میانوالی، سندھی اور بلوچ نوجوانوں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا زبردست خیرمقدم کیا۔

## ایم کیوایم ٹنڈوالہ یار زون، ابراہیم حیدری یونٹ، ملیر اور نارتھ ناظم آباد سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔9، مارچ 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ٹنڈوالہ یار زون کے کارکن چاندشاہ کے والد فتح محمد، ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 96 کے کارکن بابرسلیم کی والدہ محترمہ اختری بیگم، ایم کیوایم ابراہیم حیدری ریڑی گوٹھ یونٹ کے کارکن عبداللہ کی والدہ محترمہ کلثوم بائی اور نارتھ ناظم آباد ٹاؤن یوسی 4 کے حق پرست یوسی ناظم ندیم ہاشمی کے والدمحمد ہدایت اللہ ہاشمی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگواران لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## متحدہ قومی وموومنٹ جمہوریت کے خلاف ہرسازش کا ڈٹ کر مقابلہ کریگی، وسیم آفتاب
## ایم کیوایم سانگھڑ زون کی افتتاحی تقریب سے خطاب
## تقریب میں پیپلز پارٹی کے عہدیداران، فنکشنل لیگ کے مشیر اوردیگر نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی

سانگھڑ۔۔۔9، مارچ 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کی جدوجہد سے ملک بھر کے مظلوم عوام میں شعوری بیداری کرعمل تیز ہوچکا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی فہم وفراست اور ولولہ انگیز قیادت نے متحدہ قومی موومنٹ کو نہ صرف قومی دھارے میں شامل کردیا بلکہ اب متحدہ قومی موومنٹ بین الاقوامی سطح پر بھی اپنی صلاحیتوں کومنوارہی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم سانگھڑ زون کے زیراہتمام نئے زونل آفس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج سلیم تاجک، جوائنٹ انچارج لونگ خان چنہ، رکن ارشد سبیل، حق پرست صوبائی وزیراوقاف عبدالحسیب، حق پرست رکن صوبائی اسمبلی سیدوسیم حسین، فنکشنل لیگ کے صوبائی مشیر امام الدین شوقین، ضلع سانگھڑ کے صدر سرفراز راجڑ، پی پی پی سندھ کونسل کے رکن عمرگل، ہنگورجہ پی پی پی تعلقہ ٹنڈو آدم کے صدر لالہ ایوب خان، تعلقہ ناظم ٹنڈوآدم غلام مرتضی جونیجو، نائب ناظم محمد یوسف شاہ، پی پی پی جام نوازعلی کے صدر مشتاق رند، حق پرست ضلعی نائب ناظم میرپورخاص ظفر کمالی، حق پرست تعلقہ ناظم نواب شاہ عبدالروٗف، ایم کیوایم سانگھڑ، حیدرآباد، نواب شاہ اور میرپورخاص کے زونل انچارجز اور کمیٹیوں کے اراکین بھی موجود تھے۔قبل ازیں رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے زونل آفس کا افتتاح کیا۔افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وسیم آفتاب نے کہا کہ ملک کی نازک صورتحال میں متحدہ قومی موومنٹ کا کردار جمہوریت کے لئے خوش آئند قرار دیا جارہا ہے جبکہ بعض جماعتیں جمہوریت کی بساط لپیٹنے کے درپے ہیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ جمہوری نظام کا حصہ ہے اور ایم کیوایم، جمہوریت کے خلاف ہرسازش کا ڈٹ کر مقابلہ کریگی۔

## ایم کیوایم کے سلور جوبلی یوم تاسیس کے موقع پر برطانیہ یونٹ کے زیراہتمام پانچ روزہ تقریبات کا اعلان

لندن۔۔9،مارچ2009ء

متحدہ قومی موومنٹ برطانیہ یونٹ نے ایم کیوایم کے سلور جوبلی یوم تاسیس کے سلسلے میں پانچ روزہ تقریبات منانے کا اعلان کیا ہے۔اس سلسلے میں ایم کیوایم یوکے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش کی سربراہی میں ایک اجلاس منعقد کیا گیا جس میں یوکے یونٹ کے جوائنٹ آرگنائزر،آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان ومختلف یونٹس کے ذمہ داران وکارکنان نے شرکت کی۔اجلاس میں ایم کیوایم کی 25ویں سالگرہ (سلور جوبلی) کوشایان شان طریقہ سے منانے کے سلسلے میں پانچ روزہ تقریبات کا اعلان کیا گیااور مختلف یونٹوں کے تحت پروگرامز کوحتمی شکل دیدی گئی ہے۔اس سلسلے میں 7مارچ کوایم کیوایم سلاؤیونٹThames Vally کمیونٹی اینڈ کانفرنس سینٹر میں اجلاس منعقدکرکے یوم تاسیس کی پانچ روزہ تقریبات کا باقاعدہ آغاز کردیا گیا جبکہ 13مارچ کوایم کیوایم ساؤتھ ہال اور ویمبلے یونٹ کے زیراہتمام (Wyres dale crescent(Green ford Hall میں جبکہ 19مارچ2009ءبروز جمعرات کوایم کیوایم برمنگھم یونٹ کے زیراہتمام جلسہ منعقد کیا جائے گا۔اسی طرح مورخہ 20مارچ کوایم کیوایم برطانیہ کے زیراہتمام مرکزی جلسہء عام VIP LOUNGEایجویئر میں منعقد کیا جائے گا جبکہ ان تقریبات کے آخری پروگرام تحت ایم کیوایم یوکے یونٹ کی جانب سے مشاعرہ کا اہتمام کیا جائے گا۔ان تقریبات میں ایم کیوایم کے مختلف یونٹس کے ذمہ داران وکارکنان کے علاوہ برطانیہ میں مقیم پاکستانی بڑی تعداد میں شرکت کریں گے۔ایم کیوایم یوکے کے آرگنائزنگ کمیٹی نے ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے کارکنان اور برطانیہ میں مقیم حق پرست پاکستانیوں سے اپیل کی کہ وہ ایم کیوایم کی سلور جوبلی کے موقع پرایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے تحت منعقد کئے جانے والے پروگرامز میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں۔

☆☆☆☆☆